سوال

کیا طلاق ثلاثہ کے بعد دوبارہ اوسی مرد سے نکاہ ہوسکتا ہے

جواب

طلاق ثلاثہ کے بعد دوبارہ اسی مرد سے نکاح السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا طلاق ثلاثہ کے بعد دوبارہ اسی مرد سے نکاح ہوسکتا ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! طلاق ثلاثہ کی کئی صورتیں ہیں۔ اگر تو یہ تینوں طلاقیں تین الگ الگ طہروں میں مسلسل یا تین مختلف مواقع پر دی گئی ہیں تو پھر طلاق بائنہ واقع ہوجاتی ہے، جس کے بعد وہ عورت اپنے اسی مرد سے نکاح نہیں کر سکتی ہے۔ اور اگر یہ تینوں طلاقیں ایک ہی وقت میں ایک ہی مجلس میں دی گئی ہیں تو پھر ان تینوں کو ایک طلاق شمار کیا جاتا ہے۔ اور اس کے بعد عدت کے اندر اندر رجوع جبکہ عدت گزرنے کے بعد اسی مرد سے نکاح جدید کیا جا سکتا ہے۔ تفصیل کے لئے دیکھیں فتوی نمبر (2005)http://www.urdufatwa.com/index.php?/Knowledgebase/Article/View/2005/0/ھذا ما

عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی